إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي بَعْضَ أَصْحَابِي قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا نَدْعُو لَكَ أَبَا بَكْرٍ فَسَكَتَ قُلْنَا أَلَا نَدْعُو لَكَ عُمَرَ فَسَكَتَ قُلْنَا أَلَا نَدْعُو لَكَ عُثْمَانَ قَالَ نَعَمْ فَجَاءَ فَخَلَا بِهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُهُ وَوَجْهُ عُثْمَانَ يَتَغَيَّرُ قَالَ قَيْسٌ فَحَدَّثَنِي أَبُو سَهْلَةَ مَوْلَى عُثْمَانَ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ يَوْمَ الدَّارِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا فَأَنَا صَائِرٌ إِلَيْهِ وَقَالَ عَلِيٌّ فِي حَدِيثِهِ وَأَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ قَالَ قَيْسٌ فَكَانُوا يُرَوْنَهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ

نے چاہا کہ میرے پاس بعض صحابہؓ ہوں ۔ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم آپؐ کی خدمت میں ابوبکرؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ خاموش رہے۔ پھر ہم نے کہا کہ کیا ہم آپؐ کی خدمت میں عمرؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ خاموش رہے۔ پھر ہم نے کہا کہ کیا ہم آپؐ کی خدمت میں عثمانؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ نے فرمایاہاں۔ وہ آئے ،آپؐ اُن سے تنہائی میں ملے اور نبی ﷺ ان سے گفتگو فرمانے لگے اور عثمانؓ کے چہرے کا رنگ بدل رہا تھا۔قیس کہتے ہیں مجھ سے ابوسہلہ جو حضرت عثمانؓ کے آزادکردہ غلام تھے نے بیان کیا کہ حضرت عثمان بن عفانؓ نے یوم الدار☆ کے موقعہ پر بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک تاکیدی ارشادفرمایا تھا اور میں اس کی طرف جارہا ہوں۔(راوی) علی بیان کرتے ہیں کہ انہوں (حضرت عثمانؓ) نےفرمایا اَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ میں اس پر مضبوطی سے قائم ہوں۔(راوی) قیس کہتے ہیں کہ لوگ اس کو یہی دِن سمجھے تھے۔

☆یوم الدّار اس دن کو کہا جاتا ہے جس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو منافقوں نے آپؓ کے گھر میں محصور کردیا اور پھر انتہائی بےدردی سے شہید کردیا۔

فَضْلُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی فضیلت

114: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَا يُحِبُّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُنِي إِلَّا مُنَافِقٌ

114: حضرت علیؓ نے بیان فرمایا کہ مجھے نبی اُمّی ﷺ نے واضح طور پر بتایا کہ مجھ سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور مجھ سے صرف منافق ہی بغض رکھے گا۔

115: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ أَلَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

115: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے۔

116: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ أَخْبَرَنِي حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ

116: حضرت براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج میں آئے جو آپؐ نے کیا تھا۔ آپؐ راستے میں ایک جگہ قیام پذیر ہوئے اور باجماعت نماز کے لئے ارشاد فرمایا۔ آپؐ نے

114: **اطراف** : **ابن ماجه** باب فضل سلمانؓ وابی ذرؓ والمقدادؓ 149

تخريج :**مسلم** كتاب الايمان باب الدليل على ان حب الانصار وعلى رضى الله عنهم من الايمان وعلاماته وبغضهم من علامات النفاق 105 **ترمذى** كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب على رضى الله عنه 3736 **نسائى** كتاب الايمان وشرائعه باب علامة الايمان 5018 علامة المنافق 5022

115: **اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل على بن ابى طالبؓ 121

تخريج :**بخارى** كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب على بن ابى طالبؓ 3706 كتاب المغازى باب غزوة تبوک وهى غزوة العسرة 4416 **مسلم** كتاب فضائل صحابة باب من فضائل على بن ابى طالب 4404، 4405، 4407 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب علىؓ بن ابى طالب 3724، 3730، 3731

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّته الَّتِي حَجَّ فَنَزَلَ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ فَأَمَرَ الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَأَخَذَ بِيَد عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ أَلَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ قَالُوا بَلَى قَالَ أَلَسْتُ أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسه قَالُوا بَلَى قَالَ فَهَذَا وَلِيُّ مَنْ أَنَا مَوْلَاهُ اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ اللَّهُمَّ عَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کیا میں مومنوں سے ان کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کیوں نہیں؟ حضورؐ نے فرمایا کیا میں ہر مومن سے اس کی جان سے زیادہ قریب نہیں ہوں۔ انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں۔ فرمایا یہ اس کا ولی ہے جس کا میں مولیٰ ہوں۔ اے اللہ! تو اسے دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور اے اللہ! تو بھی اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

117: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ أَبُو لَيْلَى يَسْمُرُ مَعَ عَلِيٍّ فَكَانَ يَلْبَسُ ثِيَابَ الصَّيْفِ فِي الشِّتَاءِ وَثِيَابَ الشِّتَاءِ فِي الصَّيْفِ فَقُلْنَا لَوْ سَأَلْتَهُ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلَيَّ وَأَنَا أَرْمَدُ الْعَيْنِ يَوْمَ خَيْبَرَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَرْمَدُ الْعَيْنِ فَتَفَلَ فِي عَيْنِي ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ قَالَ فَمَا وَجَدْتُ حَرًّا وَلَا بَرْدًا بَعْدَ يَوْمِئِذ وَقَالَ لَأَبْعَثَنَّ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ لَيْسَ بِفَرَّارٍ فَتَشَرَّفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ إِلَى

117: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے بیان کیا کہ ابولیلیٰ حضرت علیؓ کے ساتھ رات کو گفتگو کرتے تھے۔ حضرت علیؓ گرمی کے کپڑے سردی میں پہن لیا کرتے تھے اور سردی کے گرمی میں۔ ہم نے ان (ابولیلیٰ) سے کہا اگر آپ اُن (حضرت علیؓ) سے پوچھ لیں۔ آپ (حضرت علیؓ) نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف خیبر کے دن بلا بھیجا اور مجھے آشوبِ چشم تھا۔ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہونے پر حضرت علیؓ نے عرض کیا مجھے آشوبِ چشم ہے۔ آپؐ نے میری آنکھ میں اپنا لعابِ دہن لگایا پھر دعا کی اے اللہ! اس سے گرمی اور سردی کو دور کردے۔ اس دن کے بعد میں گرمی اور سردی نہیں پاتا۔ آپؐ نے فرمایا میں غزوۂ خیبر کیلئے ایسا آدمی بھیجوں گا جو اللہ اور اس کے

117: تخریج: بخاری کتاب الجهاد باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام 2942 باب ما قيل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علیؓ بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خيبر 4209، 4210 مسلم کتاب فضائل الصحابه باب من فضائل علیؓ بن ابی طالب 4406، 4408، 4409 4410 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب علیؓ بن ابی طالب.... 3724، 3730، 3731

عَلِيٍّ فَأَعْطَاهَا إِيَّاهُ

رسول سے محبت کرتا ہے اوراس سے بھی اللہ اوراس کا رسول محبت کرتے ہیں۔ وہ بھاگنے والانہیں ہے۔ پس لوگ انتظار کرنے لگے۔ پس آپؐ نے حضرت علیؓ کو بُلا بھیجا پھر انہیں وہ (جھنڈا) عطا فرمایا۔

118:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

118: حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حسنؓ اور حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور ان دونوں کے والدان دونوں سے بہتر ہیں۔

119:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَإِسْمَعِيلُ بْنُ مُوسَى قَالُوا حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ وَلَا يُؤَدِّي عَنِّي إِلَّا عَلِيٌّ

119: حضرت حُبشی بن جُنادہؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ علیؓ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میری طرف سے کوئی ادائیگی نہ کرے سوائے علیؓ کے۔

120:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّه بْنُ مُوسَى أَنْبَأَنَا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْمِنْهَالِ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ أَنَا عَبْدُ اللَّهِ وَأَخُو رَسُولِه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا الصِّدِّيقُ الْأَكْبَرُ

120: عباد بن عبداللہ نے بیان کیا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس کے رسول ﷺ کا بھائی ہوں اور میں سب سے بڑا راست گو ہوں میرے بعد یہ بات کوئی نہیں کہے گا مگر کذاب ہی۔ میں نے لوگوں سے سات سال قبل نماز پڑھی۔

118:تخريج :ترمذی كتاب المناقب باب مناقب الحسن والحسين 3768، 3781

119:تخريج :ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب عليؓ بن ابی طالب 3719

لَا يَقُولُهَا بَعْدِي إِلَّا كَذَّابٌ صَلَّيْتُ قَبْلَ النَّاسِ بِسَبْعِ سِنِينَ

121:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّد حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ وَهُوَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَدِمَ مُعَاوِيَةُ فِي بَعْضِ حَجَّاتِهِ فَدَخَلَ عَلَيْهِ سَعْدٌ فَذَكَرُوا عَلِيًّا فَنَالَ مِنْهُ فَغَضِبَ سَعْدٌ وَقَالَ تَقُولُ هَذَا لِرَجُلٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

121: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے بارے میں روایت ہے کہ ایک حج کے موقع پر امیر معاویہؓ آئے اور ان کے پاس حضرت سعدؓ گئے اور لوگوں نے حضرت علیؓ کا ذکر کیا اور انہوں (معاویہؓ) نے ان (حضرت علیؓ) کے بارہ میں کچھ کہا۔ حضرت سعدؓ ناراض ہوگئے اور کہنے لگے کہ تم یہ اس شخص کے بارے میں کہہ رہے ہو؟ جس کے بارہ میں مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا علیؓ مولیٰ ہے اور میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے علیؓ! تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں۔ میں نے آپؐ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ مَیں آج جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے۔

فَضْلُ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی فضیلت

122:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ

122: حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے قریظہ کے دن فرمایا (اس) قوم

121: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل علی بن ابی طالبؓ 115

تخريج :بخاری كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالبؓ 3706 كتاب المغازی باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **مسلم** كتاب فضائل صحابة باب من فضائل علی بن ابی طالب 4404، 4405، 4407 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب علیؓ بن ابی طالب 3724، 3730، 3731

122:**تخريج:بخاری** كتاب الجهاد والسير باب فضل الطليعة 2846 باب هل يبعث الطليعة وحده 2847 باب السير وحده ==

جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ مَنْ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ أَنَا فَقَالَ مَنْ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ أَنَا ثَلَاثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

کی خبر ہمارے پاس کون لائے گا؟ حضرت زبیرؓ نے عرض کیا میں۔ آپؐ نے (دوبارہ) فرمایا (اس) قوم کی خبر ہمارے پاس کون لائے گا؟ حضرت زبیرؓ نے عرض کیا میں۔ (ایسا) تین مرتبہ (ہوا)۔ پھر نبی ﷺ نے فرمایا ہر نبی کا حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیرؓ ہے۔

123: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ

123: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت زبیرؓ نے بیان کیا کہ احد کے دن رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے اپنے ماں باپ کو جمع[1] کر دیا۔

124: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ وَهَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا عُرْوَةُ كَانَ أَبَوَاكَ مِنَ الَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ أَبُو بَكْرٍ وَالزُّبَيْرُ

124: ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اے عروہؓ! تمہارے دو بزرگ —— حضرت ابوبکرؓ اور حضرت زبیرؓ —— اُن لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اللہ اور رسول ﷺ کے حکم پر اپنے زخمی ہونے کے بعد بھی لبیک کہا[2]۔

2997 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب الزبیرؓ بن العوام 3719 کتاب المغازی باب غزوۃ الخندق 4113 کتاب اخبار الآحاد باب بعث النبی ﷺ الزبیر طلیعة وحدہ 7261 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة و زبیر 4422 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب زبیر بن العوام 3744، 3745

123: **تخریج: بخاری** کتاب المناقب باب مناقب الزبیر بن العوام 3720 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل طلحه وزبیر رضی اللہ عنهما 4423 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب الزبیر بن العوام 3743

124: **تخریج: بخاری** کتاب المغازی باب الذین استجابوا للہ والرسول من بعد ما اصابهم القرح 4077 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة والزبیر 4426، 4427

1:۔ جمع کرنے سے فِدَاکَ اَبِی وَاُمِّیْ —— تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں —— کی طرف اشارہ ہے۔

2:۔ یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے مِنْهُمْ مَنْ قَضٰی نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ (الاحزاب: 24) کہ ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنی جاں نثاری کا عہد پورا کر دیا اور کچھ ایسے ہیں جو انتظار میں ہیں۔

فَضْلُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت

125:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ طَلْحَةَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شَهِيدٌ يَمْشِي عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ

125: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرت طلحہؓ نبی ﷺ کے پاس سے گزرے تو حضورؐ نے فرمایا کہ یہ شہید ہے جو زمین پر چل رہا ہے۔

126:حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى طَلْحَةَ فَقَالَ هَذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ

126: امیر معاویہ بن ابی سفیانؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے حضرت طلحہؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا یہ ان لوگوں میں سے ہے جنہوں نے اپنے عہد کو پورا کر دیا۔☆

127:حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَنَا إِسْحَقُ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ أَشْهَدُ

127: موسیٰ بن طلحہؓ نے بیان کیا کہ ہم امیر معاویہؓ کے پاس تھے۔ انہوں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے

☆ یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے مِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ (الاحزاب:24) کہ ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنی جاں نثاری کا عہد پورا کر دیا اور کچھ ایسے ہیں جو انتظار میں ہیں۔

125:تخريج :ترمذی كتاب المناقب باب مناقب طلحة بن عبيدالله 3739

126:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل طلحة بن عبيد الله 127

تخريج :ترمذی كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الاحزاب 3202، 3203 كتاب المناقب باب مناقب طلحه بن عبيد اللهؓ 3740، 3742

127:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل طلحة بن عبيد الله 126

تخريج :ترمذی كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الاحزاب 3202، 3203 كتاب المناقب باب مناقب طلحه بن عبيد اللهؓ 3740، 3742

لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ

سنا کہ طلحہؓ ان میں سے ہے جنہوں نے اپنے عہد کو پورا کر دیا۔

128: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ شَلَّاءَ وَقَى بِهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

128: قیس نے بیان کیا کہ میں نے حضرت طلحہؓ کا ہاتھ دیکھا، جو شل تھا۔ جس کو انہوں نے احد کے دن رسول اللہ ﷺ کے لئے ڈھال بنایا۔

فَضْلُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی فضیلت

129: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرَ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَإِنَّهُ قَالَ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ارْمِ سَعْدُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

129: حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کسی کے لئے اپنے والدین کو جمع کرتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے حضرت سعدؓ بن مالک کے۔ حضورؐ نے انہیں اُحد کے دن فرمایا سعدؓ! تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔

130: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَنْبَأَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا

130: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے احد کے دن میرے لئے

128: تخریج: بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب ذکر طلحة بن عبیداللہ 3724 کتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منکم ان تفشلا 4063

129: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ 130

تخریج: بخاری کتاب الجهاد باب المجن ومن یتترس بترس صاحبه 2905 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص 3725 کتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منکم ان تفشلا 4055، 4056، 4057، 4058، 4059، 4064 کتاب الادب باب قول الرجل فداک ابی وامی 6184 مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضل سعد بن ابی وقاص 4415، 4416، 4417 ترمذی کتاب الادب باب ما جاء فی فداک ابی وامی 2828، 2829، 2830 کتاب المناقب باب مناقب سعد بن ابی وقاص 3753، 3754، 3755

130: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ 129

حَاتِمُ بْنُ إِسْمَعِيلَ وَإِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أَبَوَيْهِ فَقَالَ ارْمِ سَعْدُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

اپنے والدین کو جمع کیا اور فرمایا سعدؓ! تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔

131: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَخَالِي يَعْلَى وَوَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ إِنِّي لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

131: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ میں پہلا عرب ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا۔

132: حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ مَا أَسْلَمَ أَحَدٌ فِي الْيَوْمِ الَّذِي أَسْلَمْتُ فِيهِ وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّي لَثُلُثُ الْإِسْلَامِ

132: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے بیان کیا کہ جس دن میں نے اسلام قبول کیا اس دن کسی اور نے نہیں کیا۔ میں سات دن ٹھہرا رہا اور میں اسلام کا ایک تہائی تھا۔

تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد باب المجن ومن يتترس بترس صاحبه 2905 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص 3725 كتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منكم ان تفشلا 4055، 4056، 4057، 4058، 4059، 4064 كتاب الادب باب قول الرجل فداک ابی وامی 6184 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب فضل سعدؓ بن ابی وقاص 4415، 4416، 4417 **ترمذی** كتاب الادب باب ما جاء فی فداک ابی وامی 2828، 2829، 2830 كتاب المناقب باب مناقب سعد بن ابی وقاص 3753، 3754، 3755

131:**تخریج** : **بخاری** كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص 3728 كتاب الرقاق باب كيف كان عيش النبی ﷺ 6453 **مسلم** كتاب الزهد باب الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر 5253 **ابو داؤد** كتاب الادب باب فی الرجل يتمنى الى غير مواليه 5113 **ترمذی** كتاب الزهد باب ما جاء فی معيشة اصحاب النبی ﷺ 2365، 2366

132:**اطراف** : **ابن ماجه** كتاب الزهد باب معيشة اصحاب النبی ﷺ 4156

تخریج : **بخاری** كتاب الاطعمة باب ما كان النبی ﷺ واصحابه يأكلون 5412 فضائل القرآن باب كراهية الحان القرآن 3726، 3727 كتاب المناقب باب اسلام سعد بن ابی وقاص 3858

فَضَائِلُ الْعَشَرَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

دس صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل

133: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو الْمُثَنَّى النَّخَعِيُّ عَنْ جَدِّهِ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَاشِرَ عَشَرَةٍ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ فِي الْجَنَّةِ فَقِيلَ لَهُ مَنِ التَّاسِعُ قَالَ أَنَا

133: حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو بن نفیل نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ دس افراد کی ایک مجلس میں تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ ابو بکرؓ جنت میں ہیں۔ عمرؓ جنت میں ہیں۔ عثمانؓ جنت میں ہیں۔ علیؓ جنت میں ہیں۔ طلحہؓ جنت میں ہیں۔ زبیرؓ جنت میں ہیں۔ سعدؓ جنت میں ہیں۔ عبدالرحمٰنؓ جنت میں ہیں۔ ان (سعید بن زیدؓ) سے پوچھا گیا کہ نواں کون ہے؟ کہا میں۔

134: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ظَالِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ اثْبُتْ

134: حضرت سعیدؓ بن زید نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے حراء! تو ٹھہرا رہ، تیرے پر نبی یا صدیق یا شہید کے سوا اور کوئی نہیں اور ان کو رسول اللہ ﷺ نے شمار فرمایا

133: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل العشرة رضى الله عنهم 134

تخریج : **بخاری** كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن خطابؓ 3686 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة وزبيرؓ 4424، 4425 **ترمذی** كتاب المناقب باب في مناقب عثمانؓ بن عفان 3696، 3697 كتاب المناقب باب مناقب عبد الرحمانؓ 3747، 3748 كتاب المناقب باب مناقب سعيد بن زيد 3757 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الخلفاء 4648، 4649، 4650

134: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل العشرة رضى الله عنهم 133

تخریج : **بخاری** كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن خطابؓ 3686 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة وزبيرؓ 4424، 4425 **ترمذی** كتاب المناقب باب في مناقب عثمانؓ بن عفان 3696، 3697 كتاب المناقب باب مناقب عبد الرحمانؓ 3747، 3748 كتاب المناقب باب مناقب سعيد بن زيد 3757 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الخلفاء 4648، 4649، 4650

حِرَاءُ فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيقٌ أَوْ شَهِيدٌ وَعَدَّهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدٌ وَابْنُ عَوْفٍ وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ

ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ، سعدؓ، ابن عوفؓ اور سعیدؓ بن زید۔

فَضْلُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابوعبیدہ بن جرّاح رضی اللہ عنہ کی فضیلت

135: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ جَمِيعًا عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَهْلِ نَجْرَانَ سَأَبْعَثُ مَعَكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ قَالَ فَتَشَرَّفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ

135: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے اہل نجران سے فرمایا کہ میں آپ لوگوں کے ساتھ ایک امین شخص کو جو واقعی امین ہے بھیجوں گا۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگ سر اٹھا کر دیکھنے لگے۔ آپؐ نے حضرت ابوعبیدہؓ بن جرّاح کو بھجوایا۔

136: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

136: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کے بارہ میں فرمایا یہ اس امت کا امین ہے۔

135:**اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل ابى عبيدة بن الجراحؓ 136 مقدمة المؤلف باب فضائل خبابؓ 154
تخريج :**بخارى** كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب ابى عبيدة بن الجراحؓ 3745، 3744 كتاب المغازى باب قصة اهل نجران 4382،4380،4381 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد 7255، 7254 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابى عبيده بن الجراحؓ 4429، 4430 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبلؓ وزيد بن ثابتؓ وابى عبيدة بن الجراحؓ 3790، 3791، 3796

136:**اطراف** :**ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل ابى عبيدة بن الجراحؓ 135 مقدمة المؤلف باب فضائل خبابؓ 154
تخريج :**بخارى** كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب ابى عبيدة بن الجراحؓ 3745 3744 كتاب المغازى باب قصة اهل نجران 4382، 4380، 4381 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد 7255، 7254 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابى عبيده بن الجراحؓ 4429، 4430 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبلؓ وزيد بن ثابتؓ وابى عبيدة بن الجراحؓ 3790، 3791، 3796

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ هَذَا أَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

فَضْلُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی فضیلت

137: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُسْتَخْلِفًا أَحَدًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ لَاسْتَخْلَفْتُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

137: حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر مشورہ کے امیر بناتا تو ابن ام عبدؓ☆ کو بناتا۔

138: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ بَشَّرَاهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

138: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ دونوں نے ان کو خوشخبری سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کو پسند ہو کہ وہ قرآن تر وتازہ جیسا نازل ہوا ہے ویسا ہی پڑھے تو اسے چاہئے کہ ابن ام عبد کے پڑھنے کی طرح پڑھے۔

☆ترمذی میں جو روایت ہے اس میں مُسْتَخْلِفًا کی بجائے لَأَمَّرْتُ کے الفاظ ہیں۔عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنْهُمْ لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر کسی کے مشورہ کے امیر بناتا تو میں ان پر ابن اُم عبد (یعنی عبداللہ بن مسعودؓ) کو امیر بناتا۔(ترمذی کتاب المناقب باب عبداللہ بن مسعودؓ)

137: تخريج: ترمذی كتاب المناقب باب مناقب عبد الله بن مسعودؓ 3808، 3809

138: تخريج: بخاری كتاب التفسير باب وما خلق الذكر والانثىٰ 4944 كتاب فضائل القرآن باب القراء من اصحاب النبی ﷺ 5000 مسلم كتاب فضائل صحابہؓ باب من فضائل عبد الله بن مسعودؓ وأمه 4488، 4489، 4490، 4491، 4492 كتاب صلاة المسافرين باب ما يتعلق بالقراءت 1356، 1357 ترمذی كتاب القراءت باب ومن سورة الليل 2939 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة يسٓ 3227 كتاب الفتن باب ما جاء في طلوع الشمس من مغربها 2186 نسائی كتاب الزينة الذؤابة 5063، 5064

139: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْنُكَ عَلَيَّ أَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَأَنْ تَسْمَعَ سِوَادِي حَتَّى أَنْهَاكَ

139: حضرت عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا تمہارے لئے میرے پاس آنے کی اجازت یہ ہے کہ پردہ اٹھاؤ☆ اور تم میری آہستہ آواز سنو سوائے اس کے کہ میں تمہیں منع کردوں۔

فَضْلُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی فضیلت

140: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سَبْرَةَ النَّخَعِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ كُنَّا نَلْقَى النَّفَرَ مِنْ قُرَيْشٍ وَهُمْ يَتَحَدَّثُونَ فَيَقْطَعُونَ حَدِيثَهُمْ فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَحَدَّثُونَ فَإِذَا رَأَوُا الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَطَعُوا حَدِيثَهُمْ وَاللَّهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الْإِيمَانُ حَتَّى يُحِبَّهُمْ لِلَّهِ وَلِقَرَابَتِهِمْ مِنِّي

140: حضرت عباس بن عبد المطلبؓ نے بیان کیا کہ ہم قریش میں سے لوگوں سے ملتے اور وہ باتیں کررہے ہوتے، تو وہ اپنی باتیں بند کردیتے، ہم نے اس کا ذکر نبی ﷺ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا ان لوگوں کو کیا ہوا ہے، جو باتیں کررہے ہوتے ہیں اور جب میرے اہل بیت میں سے کسی شخص کو دیکھتے ہیں تو اپنی باتیں بند کردیتے ہیں۔ اللہ کی قسم کسی آدمی کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ اللہ کی خاطر اور میری ان سے قرابت کی وجہ سے ان سے محبت نہ کرے۔

141: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ

141: حضرت عبد اللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اپنا خلیل

☆ صحیح مسلم میں اَنْ تَرْفَعَ کی بجائے اَنْ يُرْفَعَ کے الفاظ ہیں یعنی پردہ اٹھا ہوا ہو۔(مسلم كتاب السلام باب جواز جعل الاذن رفع حجاب او نحوه من العلامات 4019)

139:تخريج :مسلم كتاب السلام باب جواز جعل الاذن رفع حجاب او نحوه من العلامات 4019

140:تخريج :مسلم كتاب الزكاة باب فى تقديم الزكاة ومنعها 1620 ترمذى كتاب المناقب باب مناقب العباس بن عبد المطلب 3758، 3760، 3761 ابو داؤد كتاب الزكاة باب فى تعجيل الزكاة 1623

141:تخريج :مسلم كتاب المساجد باب النهى عن بناء المسجد على القبور 819

عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا كَمَا اتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا فَمَنْزِلِي وَمَنْزِلُ إِبْرَاهِيمَ فِي الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُجَاهَيْنِ وَالْعَبَّاسُ بَيْنَنَا مُؤْمِنٌ بَيْنَ خَلِيلَيْنِ

بنایا ہے جس طرح ابراہیمؑ کو خلیل بنایا۔ میرا گھر اور ابراہیمؑ کا گھر جنت میں قیامت کے دن آمنے سامنے ہوں گے اور عباسؓ ہمارے درمیان —— ایک مومن —— (اللہ کے) دو خلیلوں کے درمیان۔

فَضْلُ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ابْنَيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

حضرت علیؓ بن اَبی طالب کے دو بیٹوں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ رضی اللہ عنہم کے فضائل

142: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْحَسَنِ اللَّهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ قَالَ وَضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ

142: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حسنؓ کے لئے دعا کی اَے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور اس سے بھی محبت رکھ جو اس سے محبت رکھے اور آپؐ نے ان (حسنؓ) کو اپنے سینے سے لگا لیا۔

143: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَوْفٍ أَبِي

143: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے حسنؓ اور حسینؓ

142:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل الحسين والحسين ابنى على ابن ابى طالب 143

تخریج :**بخاری** كتاب البيوع باب ما ذكر في الاسواق 2122 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب ذكر اسامة بن زيدؓ 3735 باب مناقب الحسن والحسين 3747، 3749 كتاب اللباس باب السخاب للصبيان 5884 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل الحسن والحسين رضى الله عنهما 4431، 4432، 4433، 4434 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب على بن ابى طالبؓ 3733 باب مناقب الحسن والحسين 3769، 3882، 3783

143:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل الحسين والحسين ابنى على ابن ابى طالب 142 ==

الْجَحَّافِ وَكَانَ مَرْضِيًّا عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ أَحَبَّنِي وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا فَقَدْ أَبْغَضَنِي

سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔

144: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ أَنَّ يَعْلَى بْنَ مُرَّةَ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى طَعَامٍ دُعُوا لَهُ فَإِذَا حُسَيْنٌ يَلْعَبُ فِي السِّكَّةِ قَالَ فَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَامَ الْقَوْمِ وَبَسَطَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَفِرُّ هَا هُنَا وَهَا هُنَا وَيُضَاحِكُهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَخَذَهُ فَجَعَلَ إِحْدَى يَدَيْهِ تَحْتَ ذَقْنِهِ وَالْأُخْرَى فِي فَأْسِ رَأْسِهِ فَقَبَّلَهُ وَقَالَ حُسَيْنٌ مِنِّي وَأَنَا مِنْ حُسَيْنٍ أَحَبَّ اللَّهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْأَسْبَاطِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ مِثْلَهُ

144: حضرت یعلی بن مرہؓ نے بیان کیا کہ لوگ نبی ﷺ کے ساتھ ایک کھانے کی دعوت کے لئے چلے جس کیلئے انہیں بلایا گیا تھا۔ تو حسینؓ گلی میں کھیل رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں نبی ﷺ لوگوں سے آگے بڑھے اور اپنے ہاتھ پھیلائے اور لڑکا (یعنی حسینؓ) ادھر ادھر بھاگنے لگا۔ نبی ﷺ اس کے ساتھ ہنسنے کھیلنے لگے یہاں تک کہ آپؐ نے اسے پکڑ لیا اور ایک ہاتھ اس کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا اور دوسرا اس کے سر کے اوپر اور اسے بوسہ دیا اور فرمایا حسینؓ مجھ سے ہے اور میں حسینؓ سے ہوں، اللہ اس سے محبت کرتا ہے جو حسین سے محبت کرتا ہے، حسینؓ بھی اسباط میں سے ہے۔☆

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2122 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب ذکر اسامة بن زیدؓ 3735 باب مناقب الحسن والحسین 3747، 3749 کتاب اللباس باب السخاب للصبیان 5884 مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل الحسن والحسین رضی الله عنهما 4431، 4432، 4433، 4434 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالبؓ 3733 باب مناقب الحسن والحسین 3769، 3882، 3783

144: تخریج: ترمذی کتاب المناقب عن رسول الله باب الحسن والحسین 3775

☆ اسباط کے لفظ میں اشارہ اس کی طرف ہے جو سورۃ بقرہ آیت نمبر 137 میں ہے۔ واللہ اعلم

145:حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَعَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ أَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ

145: حضرت زید بن ارقمؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا میری اس سے صلح ہے جس سے تم صلح کرو اور جنگ ہے جس سے تم جنگ کرو۔

فَضْلُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

حضرت عمار بن یاسرؓ کی فضیلت

146:حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ائْذَنُوا لَهُ مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ

146: حضرت علیؓ بن ابی طالب نے بیان کیا کہ میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور عمار بن یاسرؓ نے اجازت چاہی۔ نبی ﷺ نے فرمایا اُسے اجازت دو، خوش آمدید اس طاہر مطہر کو۔

147:حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِيءٍ قَالَ دَخَلَ عَمَّارٌ

147: ہانی بن ہانی نے بیان کیا کہ حضرت عمارؓ حضرت علیؓ کے پاس آئے تو حضرت علیؓ نے فرمایا خوش آمدید طاہر مطہر کو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو

145:تخریج :ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب فی فضل فاطمة بنت محمد 3870

146:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل عمار بن ياسر رضى الله عنه 147

تخریج:ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب عمار بن یاسرؓ 3798

147:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل عمار بن ياسر رضى الله عنه 146

ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب عمار بن یاسرؓ 3798 نسائی كتاب الايمان وشرائعه تفاضل اهل الايمان 5007

عَلَى عَلِيٍّ فَقَالَ مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مُلِئَ عَمَّارٌ إِيمَانًا إِلَى مُشَاشِهِ

فرماتے ہوئے سنا کہ عمارؓ کا رُواں رُواں ایمان سے بھرا ہوا ہے۔

148: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّارٌ مَا عُرِضَ عَلَيْهِ أَمْرَانِ إِلَّا اخْتَارَ الْأَرْشَدَ مِنْهُمَا

148: حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کبھی عمارؓ کے سامنے دو باتوں کو پیش کیا گیا تو انہوں نے ان دونوں میں سے زیادہ رشد والی کو اختیار کیا۔

فَضْلُ سَلْمَانَ وَأَبِي ذَرٍّ وَالْمِقْدَادِ

حضرت سلمانؓ، حضرت ابوذرؓ اور حضرت مقدادؓ کی فضیلت

149:حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُوسَى وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي رَبِيعَةَ الْإِيَادِيِّ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي بِحُبِّ أَرْبَعَةٍ وَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ يُحِبُّهُمْ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ هُمْ قَالَ عَلِيٌّ مِنْهُمْ يَقُولُ ذَلِكَ ثَلَاثًا وَأَبُو ذَرٍّ وَسَلْمَانُ وَالْمِقْدَادُ

149: ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ نے مجھے چار سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے اور مجھے بتایا ہے کہ وہ (بھی) ان سے محبت کرتا ہے۔ سوال کیا گیا یا رسولؐ اللہ! وہ کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا علیؓ ان میں سے ہیں۔ آپؐ نے یہ تین بار فرمایا اور ابوذرؓ، سلمانؓ اور مقدادؓ۔

148: تخريج : ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب عمار بن ياسر 3799

149: اطراف : ابن ماجه باب فضل سلمانؓ وابی ذرؓ والمقدادؓ 114

تخريج :ترمذی كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب علی بن ابی طالب 3718

فَضَائِلُ بِلَالٍ

حضرت بلالؓ کے فضائل

150:حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كَانَ أَوَّلَ مَنْ أَظْهَرَ إِسْلَامَهُ سَبْعَةٌ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعَمَّارٌ وَأُمُّهُ سُمَيَّةُ وَصُهَيْبٌ وَبِلَالٌ وَالْمِقْدَادُ فَأَمَّا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنَعَهُ اللَّهُ بِعَمِّهِ أَبِي طَالِبٍ وَأَمَّا أَبُو بَكْرٍ فَمَنَعَهُ اللَّهُ بِقَوْمِهِ وَأَمَّا سَائِرُهُمْ فَأَخَذَهُمُ الْمُشْرِكُونَ وَأَلْبَسُوهُمْ أَدْرَاعَ الْحَدِيدِ وَصَهَرُوهُمْ فِي الشَّمْسِ فَمَا مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ وَاتَاهُمْ عَلَى مَا أَرَادُوا إِلَّا بِلَالًا فَإِنَّهُ هَانَتْ عَلَيْهِ نَفْسُهُ فِي اللَّهِ وَهَانَ عَلَى قَوْمِهِ فَأَخَذُوهُ فَأَعْطَوْهُ الْوِلْدَانَ فَجَعَلُوا يَطُوفُونَ بِهِ فِي شِعَابِ مَكَّةَ وَهُوَ يَقُولُ أَحَدٌ أَحَدٌ

150: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان کیا کہ سب سے پہلے جنہوں نے اپنے اسلام کا اعلان فرمایا وہ سات ہیں: رسول اللہ ﷺ اور ابو بکرؓ اور عمارؓ اور ان کی والدہ سمیہؓ اور، صہیبؓ اور بلالؓ اور مقدادؓ۔ پس رسول اللہ ﷺ کو تو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے چچا ابوطالب کے ذریعہ محفوظ رکھا اور ابو بکرؓ کو اللہ تعالیٰ نے ان کی قوم کے ذریعہ محفوظ رکھا۔ باقیوں کو مشرکوں نے پکڑ لیا اور لوہے کی زرہیں پہنائیں اور انہیں دھوپ میں جلاتے تھے۔ پس ان میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس نے ان کے ساتھ جس بات میں وہ چاہتے تھے موافقت نہ کر لی ہو سوائے بلالؓ کے کیونکہ ان پر اپنا نفس اللہ کی خاطر بے حیثیت ہو گیا تھا اور وہ اپنی قوم کے لئے بھی بے حیثیت تھے۔ وہ ان کو پکڑتے اور لڑکوں کے سپرد کر دیتے اور وہ انہیں مکہ کی گھاٹیوں میں گھماتے پھرتے اور بلالؓ احد، احد کہتے جاتے۔

151:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

151: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ کی خاطر اتنی اذیت دی گئی ہے جتنی کسی کو نہیں دی جا سکتی۔ مجھے اللہ کی

151:تخریج :ترمذی کتاب صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله باب ما جاء في صفة اواني الحوض 2472

وَسَلَّمَ لَقَدْ أُوذِيتُ فِي اللَّهِ وَمَا يُؤْذَى أَحَدٌ وَلَقَدْ أُخِفْتُ فِي اللَّهِ وَمَا يُخَافُ أَحَدٌ وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَالِثَةٌ وَمَا لِي وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُو كَبِدٍ إِلَّا مَا وَارَى إِبِطُ بِلَالٍ

خاطر اتنا ڈرایا گیا ہے جتنا کسی کو نہیں ڈرایا جا سکتا اور مجھ پر تیسری رات آجاتی کہ میرے اور بلالؓ کے پاس کوئی ایسا کھانا نہ ہوتا جسے کوئی جاندار کھا سکے مگر اتنا جسے بلالؓ کی بغل چھپا سکتی۔

152:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّد حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ شَاعِرًا مَدَحَ بِلَالَ بْنَ عَبْد اللَّه فَقَالَ بِلَالُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ خَيْرُ بِلَالٍ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ كَذَبْتَ لَا بَلْ بِلَالُ رَسُولِ اللَّهِ خَيْرُ بِلَالٍ

152: سالم سے روایت ہے کہ ایک شاعر نے بلال بن عبداللہ کی تعریف کی اور کہا کہ بلال بن عبداللہ سب سے بہتر بلال ہے۔ حضرت ابن عمرؓ نے کہا تو نے غلط کہا۔ نہیں، بلکہ رسول اللہ ﷺ کا بلالؓ سب سے بہتر بلالؓ ہے۔

فَضَائِلُ خَبَّابٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت خبّاب رضی اللہ عنہ کے فضائل

153: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْد اللَّه قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ أَبِي لَيْلَى الْكِنْدِيِّ قَالَ جَاءَ خَبَّابٌ إِلَى عُمَرَ فَقَالَ ادْنُ فَمَا أَحَدٌ أَحَقَّ بِهَذَا الْمَجْلِسِ مِنْكَ إِلَّا عَمَّارٌ فَجَعَلَ خَبَّابٌ يُرِيهِ آثَارًا بِظَهْرِهِ مِمَّا عَذَّبَهُ الْمُشْرِكُونَ

153: ابولیلیٰ کندی نے بیان کیا کہ حضرت خبّابؓ، حضرت عمرؓ کے پاس آئے۔ آپؓ (حضرت عمرؓ) نے فرمایا (خبابؓ!) قریب آجائیں، آپ سے زیادہ اس مجلس کا کوئی حقدار نہیں سوائے عمّارؓ کے۔ حضرت خبّابؓ اپنی پیٹھ پر وہ نشان دکھانے لگے جو مشرکوں کے اذیت دینے کی وجہ سے پڑے تھے۔

154:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ

154: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں

154: **تخریج**: **بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب ابی عبیدہ بن الجراح 3744 کتاب المغازی باب قصة اهل نجران 4382 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد 7255 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابی عبیدہ بن الجراح 4429، 4430 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبل وزید بن ثابت 3791، 3790

الْحَذَّاءُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرْحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُو بَكْرٍ وَأَشَدُّهُمْ فِي دِينِ اللَّهِ عُمَرُ وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ وَأَقْضَاهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَأَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَأَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينًا وَأَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

سے، میری اُمت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ابوبکرؓ ہیں۔ اللہ کے دین میں ان سب سے زیادہ مضبوط عمرؓ ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ حقیقی حیاء والے عثمانؓ ہیں۔ ان میں سے سب سے عمدہ فیصلہ کرنے والے علیؓ بن ابی طالب ہیں۔ ان میں سے سب سے زیادہ اللہ کی کتاب قرآن کو جاننے والے اُبَیّ بن کعبؓ ہیں۔ ان میں سے سب سے زیادہ حلال وحرام کو جاننے والے معاذ بن جبلؓ ہیں اور ان میں سے سب سے زیادہ فرائض کو جاننے والے زید بن ثابتؓ ہیں۔ سنو! ہر امت کیلئے ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جرّاحؓ ہیں۔

155: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ مِثْلَهُ عِنْدَ ابْنِ قُدَامَةَ غَيْرَ أَنَّهُ يَقُولُ فِي حَقِّ زَيْدٍ وَأَعْلَمُهُمْ بِالْفَرَائِضِ

155: ایک روایت میں حضرت زیدؓ کے بارہ میں (اَفْرَضُهُمْ کی بجائے) اَعْلَمُهُمْ بِالْفَرَائِضِ کے الفاظ ہیں۔

فَضْلُ أَبِي ذَرٍّ

حضرت ابوذر (غفاریؓ) کی فضیلت

156: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا

156: حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا نہ زمین نے اٹھایا، اور نہ آسمان نے سایہ کیا، کسی شخص پر، جو گفتگو میں ابوذرؓ (غفاری) سے زیادہ سچا ہو۔

156: تخریج: ترمذی کتاب المناقب عن رسول اللہ باب مناقب ابی ذرؓ 3801، 3802

أَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ وَلَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ مِنْ رَجُلٍ أَصْدَقَ لَهْجَةً مِنْ أَبِي ذَرٍّ

فَضْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی فضیلت

157: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَةٌ مِنْ حَرِيرٍ فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَدَاوَلُونَهَا بَيْنَهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَعْجَبُونَ مِنْ هَذَا فَقَالُوا لَهُ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْ هَذَا

157: حضرت براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو ریشمی کپڑے کا ایک ٹکڑا تحفہ دیا گیا۔ لوگ اسے ہاتھوں میں لینے لگے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم اس سے تعجب کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جنت میں سعدؓ بن معاذ کے رومال، اس سے کہیں زیادہ اچھے ہیں۔

158: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

158: حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سعدؓ بن معاذ کی وفات پر خدائے رحمان عزّ وجل کا عرش ہل گیا۔

157: تخریج: بخاری کتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب قبول الهدية من المشركين 2615 كتاب بدء الخلق باب ما جاء في صفة الجنة وانها مخلوقة 3248، 3249 كتاب مناقب الانصار باب مناقب سعد بن معاذ 3802 كتاب اللباس باب مس الحرير من غير لبس 5836 كتاب الايمان والنذور باب كيف كانت يمين النبی ﷺ 6640 مسلم كتاب فضائل الصحابة باب فضائل سعد بن معاذ 4501، 4500 ترمذی كتاب المناقب كتاب اللباس باب ما جاء في الرخصة في لبس الحرير 1723 كتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ 3847 نسائی كتاب الزينة باب لبس الديباج المنسوج بالذهب 5302

158: تخریج: بخاری كتاب مناقب الانصار باب مناقب سعد بن معاذ رضی الله عنه 3803 مسلم كتاب فضائل الصحابه باب من فضائل سعد بن معاذؓ 4497، 4498 ترمذی كتاب المناقب باب مناقب سعد بن معاذ رضی الله عنه 3848

فَضْلُ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ کی فضیلت

159:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ أَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي إِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَيْهِ أَنِّي لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي فَقَالَ اللَّهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا

159: حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ نے بیان کیا کہ جب سے میں نے اسلام قبول کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے کبھی (ملاقات سے) نہیں روکا اور جب بھی آپؐ نے مجھے دیکھا آپؐ مسکرائے۔ میں نے حضورؐ کی خدمت میں شکایت کی کہ میں گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تو حضورؐ نے میرے سینے پر اپنا دستِ مبارک مارا اور دعا کی اے اللہ! اسے ثبات بخش اور اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا دے۔

فَضْلُ أَهْلِ بَدْرٍ

بدر والوں کی فضیلت

160: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ جَاءَ جِبْرِيلُ أَوْ مَلَكٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا

160: حضرت رافع بن خدیج ؓ نے بیان کیا کہ جبریلؑ یا کہا کوئی فرشتہ نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ آپ لوگ اُن کو جو آپ میں سے بدر میں شریک ہوئے کس درجہ میں شمار کرتے ہیں؟ فرمایا وہ ہم میں سب سے بہتر ہیں۔ اس (فرشتے) نے کہا

159:تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد والسير باب حرق الدور والنخيل 3020 باب من لا يثبت على الخيل 3035، 3036 باب البشارة في الفتوح 3076 كتاب مناقب الانصار باب ذكر جرير بن عبد الله البجلى رضى الله عنه 3823، 3822 كتاب المغازى باب غزوة ذى الخلصة 4356، 4357 كتاب الادب باب التبسم والضحک 6089، 6090 كتاب الدعوات باب قول الله وصل عليهم 6333 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل جرير بن عبد الله رضى تعالىٰ عنه 4508، 4509، 4511 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب جرير بن عبدالله البجلى رضى الله عنه 3821، 3820

160:تخریج : **بخاری** كتاب المغازى باب شهود الملائكة بدرا 3992

تَعُدُّونَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا فِيكُمْ قَالُوا خِيَارَنَا قَالَ كَذَلِكَ هُمْ عِنْدَنَا خِيَارُ الْمَلَائِكَةِ

ایسے ہی (ہم میں سے جو بدر میں شریک ہوئے) وہ ہمارے نزدیک سب سے بہتر ملائکہ ہیں۔

161: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّد حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ جَمِيعًا عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِه لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ

161: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے صحابہ کو بُرا مت کہو مجھے اس کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرے تو بھی ان کے ایک مُد یا نصف مُد کو نہیں پہنچے گا۔

162: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ نُسَيْرِ بْنِ ذُعْلُوقٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُولُ لَا تَسُبُّوا أَصْحَابَ مُحَمَّد صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمُقَامُ أَحَدِهِمْ سَاعَةً خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحَدِكُمْ عُمْرَهُ

162: حضرت ابن عمرؓ بیان کیا کرتے تھے کہ محمد ﷺ کے صحابہؓ کو بُرا نہ کہو کیونکہ ان کا ایک گھڑی کھڑے رہنا تم میں سے ہر ایک کے عمر بھر کے عمل سے بہتر ہے۔

161: **اطراف** : **ابن ماجه** باب فضل اهل بدر 162

تخريج : **بخاری** كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لوكنت متخذا خليلا 3673 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب تحريم سب الصحابة 4597 ، 4596 **ترمذی** كتاب المناقب باب فيمن سب اصحاب النبی ﷺ 3861 ، 3866 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فی النهی عن سب اصحاب رسول الله ﷺ 4658

162: **اطراف** : **ابن ماجه** باب فضل اهل بدر 161

تخريج : **بخاری** كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لوكنت متخذا خليلا 3673 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب تحريم سب الصحابة 4597 ، 4596 **ترمذی** كتاب المناقب باب فيمن سب اصحاب النبی ﷺ 3861 ، 3866 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فی النهی عن سب اصحاب رسول الله ﷺ 4658

فَضْلُ الْأَنْصَارِ

انصارؓ کی فضیلت

163: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ الْأَنْصَارَ أَحَبَّهُ اللَّهُ وَمَنْ أَبْغَضَ الْأَنْصَارَ أَبْغَضَهُ اللَّهُ قَالَ شُعْبَةُ قُلْتُ لِعَدِيٍّ أَسَمِعْتَهُ مِنَ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ إِيَّايَ حَدَّثَ

163: حضرت براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے انصارؓ سے محبت کی اللہ نے اس سے محبت کی اور جس نے انصارؓ سے نفرت کی۔ اللہ نے اس سے نفرت کی۔شعبہ کہتے ہیں میں نے عدی سے پوچھا کہ کیا آپ نے حضرت براءؓ بن عازب سے یہ حدیث سنی تھی تو انہوں نے جواب دیا کہ براءؓ نے یہ حدیث خود مجھ سے بیان کی تھی۔

164: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ وَلَوْ أَنَّ النَّاسَ اسْتَقْبَلُوا وَادِيًا أَوْ شِعْبًا وَاسْتَقْبَلَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ

195: حضرت ابو موسیٰ ؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم میں کھڑے ہو کر پانچ باتیں بیان فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا یقیناً اللہ سوتا نہیں اور سونا اس کے شایانِ شان نہیں ہے۔ وہ ترازو کو جھکا دیتا ہے اور بلند کر دیتا ہے۔ اُس کے سامنے رات کے اعمال دن کے اعمال سے قبل پیش کئے جاتے ہیں اور دن کے اعمال رات کے اعمال سے قبل پیش کئے جاتے ہیں۔ نُور اس کا حجاب ہے۔ اگر وہ

195: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فيما انكرت الجهمية 196

تخريج: مسلم كتاب الايمان باب فى قوله عليه السلام ان الله لا ينام فى قوله حجابه نور لو كشفه لاحرقت ... 255، 256

لَأَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهِ مَا انْتَهَى إِلَيْهِ بَصَرُهُ مِنْ خَلْقِهِ

اُس کو ہٹا دے تو اُس کے چہرے کے جلوے جہاں تک اُس کی مخلوق میں اس کی نظر پہنچے اس چیز کو جلا دیتے۔

196:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَنَامُ وَلَا يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَنَامَ يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهُ حِجَابُهُ النُّورُ لَوْ كَشَفَهَا لَأَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهِ كُلَّ شَيْءٍ أَدْرَكَهُ بَصَرُهُ ثُمَّ قَرَأَ أَبُو عُبَيْدَةَ أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

196: حضرت ابوموسیٰ ؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ نہیں سوتا اور سونا اس کے شایانِ شان بھی نہیں ہے۔ وہ ترازو کو جھکاتا ہے اور بلند کرتا ہے۔ اُس کا حجاب نُور ہے۔ اگر وہ اُس کو ہٹا دے تو اُس کے چہرے کے جلوے ہر اُس چیز کو جلا دیں جس چیز تک اس کی نظر پہنچے۔ پھر راوی ابوعبیدہ نے پڑھا بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ☆ (ترجمہ) برکت دیا گیا ہے جو اس آگ میں ہے اور وہ بھی جو اس کے اردگرد ہے اور پاک ہے اللہ تمام جہانوں کا ربّ۔

197:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِينُ اللَّهِ مَلْأَى لَا يَغِيضُهَا شَيْءٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

197: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ کا داہنا ہاتھ بھرا ہوا ہے۔ دن رات خوب دینے والا ہے۔ کوئی چیز اس میں کمی نہیں کرتی۔ اُس کے دوسرے ہاتھ میں میزان ہے۔ ترازو کو بلند کرتا ہے اور جھکا دیتا ہے۔ فرمایا کیا تمہیں

196:اطراف: ابن ماجه المقدمة باب فيما انكرت الجهمية 195

تخريج : مسلم كتاب الايمان باب في قوله عليه السلام ان الله لا ينام في قوله حجابه نور لو كشفه لاحرقت ...255، 256

197: تخريج :بخارى كتاب تفسير القرآن قوله وكان عرشه على الماء 4684 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ لما خلقت بيدى 7411 باب وكان عرشه على الماء 7419 **مسلم** كتاب الزكوة باب الحث على النفقة وتبشير المنفق بالخلف 1644، 1645 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن ومن سورة المائدة 3045

☆ نمل:9

وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْمِيزَانُ يَرْفَعُ الْقِسْطَ وَيَخْفِضُ قَالَ أَرَأَيْتَ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَمْ يَنْقُصْ مِمَّا فِي يَدَيْهِ شَيْئًا

پتہ ہے جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے جو کچھ اُس کے دونوں ہاتھوں میں ہے اس میں کچھ کم نہیں ہوا۔

198:حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ يَأْخُذُ الْجَبَّارُ سَمَاوَاتِهِ وَأَرْضَهُ بِيَدِهِ وَقَبَضَ بِيَدِهِ فَجَعَلَ يَقْبِضُهَا وَيَبْسُطُهَا ثُمَّ يَقُولُ أَنَا الْجَبَّارُ أَيْنَ الْجَبَّارُونَ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ قَالَ وَيَتَمَيَّلُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ حَتَّى نَظَرْتُ إِلَى الْمِنْبَرِ يَتَحَرَّكُ مِنْ أَسْفَلِ شَيْءٍ مِنْهُ حَتَّى إِنِّي أَقُولُ أَسَاقِطٌ هُوَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

198: حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا اور آپؐ منبر پر تھے، آپؐ فرما رہے تھے جبار خدا اپنے آسمانوں اور زمین کو اپنے ہاتھ میں لے گا ـــــ اور آپؐ نے اپنے ہاتھ کی مٹھی بند کی اور آپؐ اسے بند کرنے اور کھولنے لگے ـــــ پھر فرمائے گا، میں جبار ہوں، کہاں ہیں جبار؟ تکبر کرنے والے کہاں ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دائیں توجہ فرمائی اور اپنے بائیں طرف توجہ فرمائی اور میں نے منبر کی طرف دیکھا اُس کا نچلا حصّہ ہل رہا تھا یہاں تک کہ میں خیال کرنے لگا کیا وہ گر تو نہیں جائے گا اور رسول اللہ ﷺ اُس پر ہیں؟

199:حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ بُسْرَ

199: حضرت نواس بن سمعانؓ کلابی نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا

198:**اطراف:** **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر البعث 4275
تخريج: **مسلم** كتاب صفة القيامة باب صفة القيامة والجنة والنار 4981 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الرد على الجهمية 4732
199:**اطراف:** **ابن ماجه** كتاب الكفارات باب يمين رسول الله ﷺ 2092 كتاب الدعاء باب دعا رسول الله ﷺ 3834
تخريج: **بخارى** كتاب القدر باب يحول بين المرء وقلبه 6617 كتاب الايمان باب كيف كانت يمين النبى ﷺ 6628 كتاب التوحيد باب مقلب القلوب 7391 **مسلم** كتاب القدر باب تصريف الله تعالىٰ القلوب كيف شاء 4784 **ترمذى** كتاب القدر باب ما جاء ان القلوب بين اصبعى الرحمان 2140 كتاب الدعوات باب ما جاء فى عقد التسبيح باليد 3522 باب فى دعاء يوم عرفة 3587 **نسائى** كتاب الايمان والنذور 3761 الحلف بمصرف القلوب 3762 **ابو داؤد** كتاب الايمان باب والنذور باب ما جاء فى يمين النبى ﷺ ما كانت 3263

بْنَ عُبَيْدِ اللَّهِ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنِي النَّوَّاسُ بْنُ سَمْعَانَ الْكِلَابِيُّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ قَلْبٍ إِلَّا بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّحْمَنِ إِنْ شَاءَ أَقَامَهُ وَإِنْ شَاءَ أَزَاغَهُ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَا مُثَبِّتَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قُلُوبَنَا عَلَى دِينِكَ قَالَ وَالْمِيزَانُ بِيَدِ الرَّحْمَنِ يَرْفَعُ أَقْوَامًا وَيَخْفِضُ آخَرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ہر ایک دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے۔ اگر چاہے تو اسے سیدھا رکھے، چاہے ٹیڑھا ہونے دے۔ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے اے دلوں کو ثبات بخشنے والے! ہمارے دلوں کو اپنے دین پر ثبات بخش اور فرمایا کہ میزان رحمٰن کے ہاتھ میں ہے قیامت کے دن تک بہت سی قوموں کو بلند کردے گا اور دوسری قوموں کو پست کردے گا۔

200: حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ لَيَضْحَكُ إِلَى ثَلَاثَةٍ لِلصَّفِّ فِي الصَّلَاةِ وَلِلرَّجُلِ يُصَلِّي فِي جَوْفِ اللَّيْلِ وَلِلرَّجُلِ يُقَاتِلُ أُرَاهُ قَالَ خَلْفَ الْكَتِيبَةِ

200: حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تین پر خوش ہوتا ہے۔ ایسی صف پر جو نماز کے لئے ہو۔ ایسے شخص پر جو رات کے دوران نماز پڑھتا ہے اور اُس شخص پر جو لڑائی کرتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے آپؐ نے فرمایا لشکر (کے پیچھے ہٹ جانے) کے بعد بھی لڑتا رہتا ہے۔

201: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ عُثْمَانَ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيَّ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُ

201: حضرت جابر بن عبداللہؓ نے بیان کیا کہ حج کے موسم میں رسول اللہ ﷺ لوگوں کو ملتے اور فرماتے کیا کوئی جواں مرد نہیں جو مجھے اپنی قوم میں لے جائے کیونکہ قریش مجھے اپنے رب کا کلام پہنچانے سے روکتے ہیں۔

201: تخریج: ترمذی کتاب فضائل القرآن باب ما جاء کیف کانت قراءة النبی ﷺ 2925 ابو داؤد کتاب السنة باب فی القرآن 4734

نَفْسَهُ عَلَى النَّاسِ فِي الْمَوْسِمِ فَيَقُولُ أَلَا رَجُلٌ يَحْمِلُنِي إِلَى قَوْمِهِ فَإِنَّ قُرَيْشًا قَدْ مَنَعُونِي أَنْ أُبَلِّغَ كَلَامَ رَبِّي

202: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا الْوَزِيرُ بْنُ صَبِيحٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ حَلْبَسٍ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ قَالَ مِنْ شَأْنِهِ أَنْ يَغْفِرَ ذَنْبًا وَيُفَرِّجَ كَرْبًا وَيَرْفَعَ قَوْمًا وَيَخْفِضَ آخَرِينَ

202: حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے قرآنی آیت كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ☆ (ترجمہ) ہر گھڑی وہ ایک نئی شان میں ہوتا ہے۔ کے بارے میں فرمایا اس کی شان میں سے (یہ بھی) ہے کہ گناہ بخش دیتا ہے۔ تکلیف کو دور کر دیتا ہے۔ کچھ لوگوں کو رفعت دیتا اور دوسروں کو نیچے کرتا ہے۔

14: بَاب: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً أَوْ سَيِّئَةً

باب: اس شخص کے بارے میں جس نے اچھا یا بُرا طریق جاری کیا

203: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ لَهُ أَجْرُهَا وَمِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً

203: منذر بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ علیہ السلام نے فرمایا جس شخص نے نیک طریق جاری کیا اور اس پر عمل ہونے لگا تو اس کے لئے اس کا اجر ہے اور ان کے اجر کے برابر جو اس پر عمل کریں۔ ان کے اجر میں کوئی کمی نہ ہوگی اور جس نے بُرا طریق جاری کیا اور اس پر عمل کیا گیا اس پر اس کا بوجھ بھی ہوگا اور جنہوں

☆ الرحمن: 30

203: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة او سيئة 204، 205، 206 باب من احيا سنة قد اميتت 209 210

تخريج: **مسلم** كتاب الزكوٰة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة او كلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 **مسلم** كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816، 4817 **ترمذی** كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدىً... 2674، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 **نسائی** كتاب الزكوٰة باب التحريض على الصدقة 2554 **ابو داؤد** كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

فَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ لَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

نے اس کے بعد اس پر عمل کیا اوران کے بوجھ میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

204: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَثَّ عَلَيْهِ فَقَالَ رَجُلٌ عِنْدِي كَذَا وَكَذَا قَالَ فَمَا بَقِيَ فِي الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا تَصَدَّقَ عَلَيْهِ بِمَا قَلَّ أَوْ كَثُرَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَنَّ خَيْرًا فَاسْتُنَّ بِهِ كَانَ لَهُ أَجْرُهُ كَامِلًا وَمِنْ أُجُورِ مَنِ اسْتَنَّ بِهِ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنِ اسْتَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَاسْتُنَّ بِهِ فَعَلَيْهِ وِزْرُهُ كَامِلًا وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِي اسْتَنَّ بِهِ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

204: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا۔ آپؐ نے اس کے لئے تحریک فرمائی۔ ایک شخص نے کہا میرے پاس یہ یہ ہے۔ (راوی نے کہا) مجلس میں کوئی بھی ایسا شخص نہ رہا جس نے اس کوتھوڑا یا بہت صدقہ نہ دیا ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اچھا طریق جاری کیا اوراس کو اختیار کرلیا گیا تو اُس کو اس کا پورا اجر ہوگا اوران کے اجر میں سے بھی جنہوں نے اس کو اختیار کیا اوران کے اجر میں سے کچھ کم نہ ہوگا جنہوں نے اس طریق کو اختیار کیا اور جس نے بُرا طریق جاری کیا اوراُس کو اختیار کرلیا گیا تو اس کے اوپر اس کا پورا بوجھ ہوگا اور ان کے بوجھ بھی جنہوں نے اس کو اختیار کیا اوران کے بوجھ میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

205: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي

205: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس بلانے والے نے

204: اطراف: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة او سيئة 203، 205، 206 باب من احيا سنة قد اميتت 209، 210

تخريج: مسلم كتاب الزكوة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة او كلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 **مسلم** كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816، 4817 **ترمذى** كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدًى ... 2674، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 **نسائى** كتاب الزكوة باب التحريض على الصدقة 2554 **ابو داؤد** كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

205: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة او سيئة 203، 204، 206 باب من احيا سنة قد اميتت 209، 210
تخريج: مسلم كتاب الزكوة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة او كلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 **مسلم** كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816، 4817 **ترمذى** كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدىً... 2674، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 **نسائى** كتاب الزكوة باب التحريض على الصدقة 2554 **ابو داؤد** كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

حَبِيبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ أَيُّمَا دَاعٍ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ فَاتُّبِعَ فَإِنَّ لَهُ مِثْلَ أَوْزَارِ مَنِ اتَّبَعَهُ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا وَأَيُّمَا دَاعٍ دَعَا إِلَى هُدًى فَاتُّبِعَ فَإِنَّ لَهُ مِثْلَ أُجُورِ مَنِ اتَّبَعَهُ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا

بھی گمراہی کی طرف بلایا اور اُس کی پیروی کی گئی تو اس پر اُن سب کے بوجھ کے برابر ہوگا جنہوں نے اس کی پیروی کی اور ان کے بوجھوں میں سے کچھ کمی نہ ہوگی اور جس بلانے والے نے ہدایت کی طرف بلایا اور اُس کی پیروی کی گئی تو اس کے لئے بھی اُسی قدر اجر ہوں گے جس قدر اُن پیروی کرنے والوں کے اجر ہوں گے اور ان کے اجر میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

206:حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنِ اتَّبَعَهُ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ فَعَلَيْهِ مِنَ الْإِثْمِ مِثْلُ آثَامِ مَنِ اتَّبَعَهُ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا

206: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے ہدایت کی طرف بلایا اُس کے لئے اس کی پیروی کرنے والوں کے اجر کے برابر اجر ہوگا اور اُن کے اجر میں کچھ کمی نہ ہوگی اور جس نے گمراہی کی طرف بلایا اس پر اُن پیروی کرنے والوں کے گناہوں کے برابر گناہ ہوگا اور ان کے گناہوں میں سے کچھ کم نہ ہوگا۔

207:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا

207: حضرت ابو جحیفہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے نیک طریق جاری کیا اور اس کے بعد اس پر عمل کیا گیا تو اس کے لئے اس کا اجر ہوگا اور ان لوگوں کے اجر کے برابر بھی

206: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة او سيئة 203 ، 204 ، 205 باب من احيا سنة قد اميتت 209 ، 210
تخريج :مسلم كتاب الزكوة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة او كلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 **مسلم** كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816 ، 4817 **ترمذى** كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدًى... 2674 ، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 **نسائى** كتاب الزكوة باب التحريض على الصدقة 2554 **ابو داؤد** كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

بَعْدَهُ كَانَ لَهُ أَجْرُهُ وَمِثْلُ أُجُورِهِمْ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ وَمِثْلُ أَوْزَارِهِمْ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

بغیراس کے کہ ان سب کے اجر میں کچھ کم نہ ہوگا اور جس نے بُرا طریق رائج کیا اور اس کے بعد اس پر عمل بھی کیا گیا تو اس کا بوجھ اس پر ہوگا اور ان کے بوجھوں کے برابر بھی بغیر اس کے کہ ان کے بوجھوں میں کوئی کمی ہو۔

208:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَاعٍ يَدْعُو إِلَى شَيْءٍ إِلَّا وُقِفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَازِمًا لِدَعْوَتِهِ مَا دَعَا إِلَيْهِ وَإِنْ دَعَا رَجُلٌ رَجُلًا

208: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بھی بلانے والا نہیں، جس نے کسی چیز کی طرف بلایا ہو، مگر وہ قیامت کے دن اپنی پکار کے ساتھ وابستہ ہوگا جس کی طرف اُس نے بلایا، خواہ ایک شخص نے ایک ہی کو پکارا ہو۔

15: بَاب: مَنْ أَحْيَا سُنَّةً قَدْ أُمِيتَتْ

باب: جس نے اس سنت کو زندہ کیا جس پر عمل نہ ہو رہا ہو

209:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِي فَعَمِلَ بِهَا النَّاسُ كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا

209: کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف مزنی نے بیان کیا کہ مجھے میرے باپ نے میرے دادا سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میری سنت میں سے کسی سنت کو زندہ کیا اور لوگ اُس پر عمل کرنے لگے تو اس کے لئے اس پر عمل کرنے والوں کے برابر اجر ہوگا اور اُن کے اجر

208:تخريج :ترمذی كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الصّٰفّٰت 3228

209: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة او سيئة 203، 204، 205،206باب من احيا سنة قد اميتت 210

تخريج:مسلم كتاب الزكوة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة اوكلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 مسلم كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816 ، 4817 ترمذی كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدىً ... 2674، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 نسائی كتاب الزكوة باب التحريض على الصدقة 2554 ابو داؤد كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ أَوْزَارُ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِ مَنْ عَمِلَ بِهَا شَيْئًا

میں کچھ کمی نہیں ہو گی اور جس نے کوئی بدعت شروع کی اور اس پر عمل ہونے لگا تو اس پر ان سب عمل کرنے والوں کے بوجھ ہوں گے اور ان عمل کرنے والوں کے بوجھ میں کچھ بھی کمی نہ ہو گی۔

210: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِي قَدْ أُمِيتَتْ بَعْدِي فَإِنَّ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلَ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ النَّاسِ لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِ النَّاسِ شَيْئًا وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةً لَا يَرْضَاهَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ فَإِنَّ عَلَيْهِ مِثْلَ إِثْمِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنَ النَّاسِ لَا يَنْقُصُ مِنْ آثَامِ النَّاسِ شَيْئًا

210: کثیر بن عبد اللہ اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے میری سنت میں سے کسی سنت کو زندہ کیا جس پر میرے بعد عمل نہیں ہوتا تھا۔ یقیناً اُس کے لئے اجر ہے اُن لوگوں کی مانند، جنہوں نے اُس پر عمل کیا اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہ ہو گی اور جس نے کوئی بدعت شروع کی، جس کو اللہ اور اس کا رسولؐ پسند نہیں کرتے تو اس پر عمل کرنے والے لوگوں کی طرح گناہ ہو گا اور ان لوگوں کے گناہوں میں سے کچھ بھی کم نہ ہو گا۔

16: بَاب: فَضْلُ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

باب: اس شخص کی فضیلت جس نے قرآن سیکھا اور اسے سکھایا

211: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ عَنْ

211: حضرت عثمان بن عفانؓ نے بیان کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا —— شعبہ کی روایت میں

210: **اطراف**: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من سن سنة حسنة ... 203، 204، 205، 206باب من احيا سنة قد اميتت209
تخريج: **مسلم** كتاب الزكوٰة باب حث على الصدقة ولو بشق تمرة اوكلمة طيبة وانها حجاب من النار 1677 **مسلم** كتاب العلم باب من سن سنة حسنة او سيئة ومن دعا الى هدى او ضلالة 4816، 4817 **ترمذى** كتاب العلم باب ماجاء فيمن دعا الى هدىً... 2674، 2675 باب ما جاء في الاخذ بالسنة 2677 **نسائى** كتاب الزكوٰة باب التحريض على الصدقة 2554 **ابو داؤد** كتاب السنة باب لزوم السنة 4609

211: **اطراف**: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فى فضل من تعلم القرآن وعلمه 212، 213
تخريج: **بخارى** كتاب فضائل القرآن باب خيركم من تعلم القرآن وعلمه 5027، 5028 **ترمذى** كتاب فضائل القرآن باب ما جاء فى تعليم القرآن 2907، 2908، 2909 **ابو داؤد** كتاب الصلوٰة باب فى ثواب قراءة القرآن 1452

عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (قَالَ شُعْبَةُ) خَيْرُكُمْ (وَقَالَ سُفْيَانُ) أَفْضَلُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

خَیْرُکُمْ اور سفیان کی روایت میں اَفْضَلُکُمْ کے الفاظ ہیں —— تم میں سے بہتر یا افضل وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور اسے سکھایا۔

212:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

212: حضرت عثمان بن عفانؓ نے بیان کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے افضل وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور اسے سکھایا۔

213: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِيَارُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ قَالَ وَأَخَذَ بِيَدِي فَأَقْعَدَنِي مَقْعَدِي هَذَا أُقْرِئُ

213: مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے بہتر وہ ہیں جنہوں نے قرآن سیکھا اور سکھایا۔ راوی (عاصم) کہتے ہیں کہ انہوں (مصعب) نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے میری اس جگہ پر بٹھایا تا کہ میں (قرآن) پڑھاؤں۔

214:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي

214: حضرت انس بن مالکؓ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اُس مؤمن کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے نارنگی ☆ کی طرح

212:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی فضل من تعلم القرآن وعلمه 211، 213

تخریج :بخاری کتاب فضائل القرآن باب خیرکم من تعلم القرآن وعلمه 5027 ، 5028 ترمذی کتاب فضائل القرآن باب ما جاء فی تعلیم القرآن 2907 ، 2908 ، 2909 ابو داؤد کتاب الصلوٰة باب فی ثواب قراءة القرآن 1452

213:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلفباب فی فضل من تعلم القرآن وعلمه 211 ، 212

تخریج :بخاری کتاب فضائل القرآن باب خیرکم من تعلم القرآن وعلمه 5027 ، 5028 ترمذی کتاب فضائل القرآن باب ما جاء فی تعلیم القرآن 2907 ، 2908 ، 2909 ابو داؤد کتاب الصلوٰة باب فی ثواب قراءة القرآن 1452

214:تخریج :بخاری کتاب فضائل القرآن باب فضل القرآن علی سائر الکلام 5020باب اثم من رأی بقراء ة القرآن او ==

☆ نارنگی سنترہ کی طرح citrus فیملی کا ایک پھل ہے۔

مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْأُتْرُجَّةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَرِيحُهَا طَيِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذي لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلَا رِيحَ لَهَا وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِي لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ طَعْمُهَا مُرٌّ وَلَا رِيحَ لَهَا

ہے،جس کا ذائقہ عمدہ ہے اور خوشبو بھی عمدہ ہے اور اُس مومن کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا کھجور کی طرح ہے جس کا ذائقہ اچھا ہے اور اس میں خوشبو نہیں ہے اور منافق کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے خوشبودار بوٹی کی ہے، جس کی خوشبو عمدہ ہے مگر ذائقہ کڑوا ہے اور ایسے منافق کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا اندرائن ☆ (تُمَّہ) کی ہے جس کا ذائقہ کڑوا ہے اور اُس کی کوئی خوشبو نہیں ہے۔

215: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ أَبُو بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بُدَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلَّهِ أَهْلِينَ مِنَ النَّاسِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ أَهْلُ الْقُرْآنِ أَهْلُ اللَّهِ وَخَاصَّتُهُ

215: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً لوگوں میں سے کچھ اللہ کے اہل وعیال (کی طرح) ہیں۔انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! وہ کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا وہ قرآن والے ہیں وہ اہل اللہ ہیں اور اُس کے خاص (بندے) ہیں۔

216: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا أُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ أَبِي عُمَرَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ

216: حضرت علی بن ابی طالبؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے قرآن پڑھا اور اس کو یاد رکھا اُس کو اللہ جنت میں داخل کر دے گا

= تاکّل به او فجر به 5059 كتاب الاطعمة باب ذكر الطعام 5427 كتاب التوحيد باب قراءة الفاجر والمنافق واصواتهم وتلاوتهم لا تجاوز حناجرهم 7560 **مسلم** كتاب صلاة المسافرين باب فضيلة حافظ القرآن 1320 **ترمذی** كتاب الامثال باب ما جاء فی مثل المؤمن القارئی للقرآن وغير القارئی 2865، 2866 **نسائی** كتاب الايمان وشرائعه مثل الذی يقرء القرآن من مومن ومنافق 5038 **ابو داؤد** كتاب الادب باب من يؤمر ان يجالس 4829

216:تخريج :**ترمذی** كتاب فضائل القرآن باب ما جاء فی فضل قارئی القرآن 2905

☆حنظل کو اندرائن یا پنجاب میں تُمَّہ کہتے ہیں۔

عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَحَفِظَهُ أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهُ فِي عَشَرَةٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ كُلُّهُمْ قَدْ اسْتَوْجَبُوا النَّارَ

اور اُس کے گھر کے دس افراد جنہوں نے اپنے آپ پر دوزخ واجب کر لی ہوگی، اُن کے حق میں اُس کو شفیع بنائے گا۔

217: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى أَبِي أَحْمَدَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَاقْرَءُوهُ وَارْقُدُوا فَإِنَّ مَثَلَ الْقُرْآنِ وَمَنْ تَعَلَّمَهُ فَقَامَ بِهِ كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا يَفُوحُ رِيحُهُ كُلَّ مَكَانٍ وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهُ فَرَقَدَ وَهُوَ فِي جَوْفِهِ كَمَثَلِ جِرَابٍ أُوكِيَ عَلَى مِسْكٍ

217: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قرآن سیکھو اور اُسے پڑھو اور سویا (بھی) کرو۔ کیونکہ قرآن کی مثال اور جس نے اسے سیکھا اور اس کے ساتھ قیام کیا☆ ایک تھیلی کی ہے جو مُشک سے بھری ہوئی ہو اور اس کی خوشبو ہر جگہ پھیل رہی ہو اور جس نے قرآن سیکھا اور سو گیا، ایسی حالت میں کہ وہ اس کے سینہ میں ہے اُس کی مثال اُس تھیلی کی ہے، جس میں مُشک بھر کر اُس کا منہ باندھ دیا گیا ہو۔

218: حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ أَبِي الطُّفَيْلِ أَنَّ نَافِعَ بْنَ عَبْدِ الْحَارِثِ لَقِيَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بِعُسْفَانَ وَكَانَ عُمَرُ اسْتَعْمَلَهُ

218: نافع بن عبدالحارث حضرت عمر بن خطابؓ سے عسفان مقام پر ملے۔ حضرت عمر بن خطابؓ نے انہیں مکہ کا والی مقرر کیا تھا۔ حضرت عمرؓ نے اُن سے دریافت کیا کہ وادی والوں پر اپنا جانشین کس کو مقرر کر کے آئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا میں نے

☆ مراد یہ ہے کہ تہجد میں قرآن پڑھا۔

217: تخریج: ترمذی کتاب فضائل القرآن باب ما جاء فی فضل سورة البقرة وآية الكرسی 2876

218: تخریج: مسلم کتاب صلاة المسافرين باب فضل من يقوم بالقرآن ويعلمه وفضل من تعلم حكمة من فقه او غيره فعمل بها وعلمها 1345

عَلَى مَكَّةَ فَقَالَ عُمَرُ مَنِ اسْتَخْلَفْتَ عَلَى أَهْلِ الْوَادِي قَالَ اسْتَخْلَفْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أَبْزَى قَالَ وَمَنِ ابْنُ أَبْزَى قَالَ رَجُلٌ مِنْ مَوَالِينَا قَالَ عُمَرُ فَاسْتَخْلَفْتَ عَلَيْهِمْ مَوْلًى قَالَ إِنَّهُ قَارِئٌ لِكِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى عَالِمٌ بِالْفَرَائِضِ قَاضٍ قَالَ عُمَرُ أَمَا إِنَّ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ يَرْفَعُ بِهَذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهِ آخَرِينَ

ان پر ابن اَبْزَی کو جانشین مقرر کیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے دریافت فرمایا کون ابن ابزیٰ ؟ انہوں نے جواب دیا کہ ایک آدمی جو ہمارے آزاد کردہ غلاموں میں سے ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا تو تم نے ان پر ایک آزاد کردہ غلام اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ وہ اللہ تعالی کی کتاب کا پڑھنے والا اور فرائض کا عالم، قاضی ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا ہاں ہاں، تمہارے نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ اللہ اس کتاب کے ذریعہ بہت سی قوموں کو بلند کر دے گا اور بعض دوسری قوموں کو اس کے ذریعہ نیچا کر دے گا۔

219: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ غَالِبٍ الْعَبَّادَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ الْبَحْرَانِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ لَأَنْ تَغْدُوَ فَتَعَلَّمَ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللَّهِ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تُصَلِّيَ مِائَةَ رَكْعَةٍ وَلَأَنْ تَغْدُوَ فَتَعَلَّمَ بَابًا مِنَ الْعِلْمِ عُمِلَ بِهِ أَوْ لَمْ يُعْمَلْ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تُصَلِّيَ أَلْفَ رَكْعَةٍ

219: حضرت ابو ذرؓ نے بیان کیا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابوذر! یہ کہ تم صبح اللہ کی کتاب سے ایک آیت سیکھ لو، تو یہ تمہارے لئے سو رکعت نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور یہ کہ تم صبح کو ایک باب علم کا سیکھ لو۔ اُس پر عمل کیا جائے، یا نہ کیا جائے، تمہارے لئے ہزار رکعت پڑھنے سے بہتر ہے۔

17: بَاب: فَضْلُ الْعُلَمَاءِ وَالْحَثِّ عَلَى طَلَبِ الْعِلْمِ

باب: علماء کی فضیلت اور علم کے حصول کے لئے ترغیب

220: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ أَبُو بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

220: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ جس کے لئے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اُس کو دین کا فہم عطا کرتا ہے۔

221: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ جَنَاحٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْخَيْرُ عَادَةٌ وَالشَّرُّ لَجَاجَةٌ وَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

221: امیر معاویہ بن ابی سفیانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خیر طبعی بات ہے اور شر (خواہ مخواہ کی) ضد ہے۔ اللہ جس کے لئے خیر کا ارادہ کرتا ہے، اُسے دین کا فہم عطا فرما دیتا ہے۔

222: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ جَنَاحٍ أَبُو سَعْدٍ

222: حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (دین میں) فہم وفراست

220:اطراف: ابن ماجه المقدمة باب فضل العلماء والحث على طلب العلم 221

تخريج :بخاری كتاب العلم باب العلم قبل القول والعمل....(من يرد الله به خيرا يفقه فى الدين) باب من يرد الله به خيرا يفقه فى الدين 71 كتاب فرض الخمس 3116 كتاب الاعتصام باب قول النبى ﷺ لا تزال طائفة من امتى ظاهرين على الحق يقاتلون 7312 **مسلم** كتاب الزكاة باب النهى عن المسألة 1705، 1707 **ترمذی** كتاب العلم باب اذا ارادالله بعبد خيرا يفقه فى الدين 2645

221:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل العلماء والحث على طلب العلم 220

تخريج :بخاری كتاب العلم باب العلم قبل القول والعمل....(من يرد الله به خيرا يفقه فى الدين) باب من يرد الله به خيرا يفقه فى الدين 71 كتاب فرض الخمس 3116 كتاب الاعتصام باب قول النبى ﷺ لا تزال طائفة من امتى ظاهرين على الحق يقاتلون 7312 **مسلم** كتاب الزكاة باب النهى عن المسألة 1705، 1707 **ترمذی** كتاب العلم باب اذا ارادالله بعبد خيرا يفقه فى الدين 2645

222 : **تخريج : ترمذی** كتاب العلم باب ما جاء فى فضل الفقه على العبادة 2681

عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيهٌ وَاحِدٌ أَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ

رکھنے والا ایک شخص، شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہوتا ہے۔

223: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيلٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ أَبِي الدَّرْدَاءِ فِي مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ أَتَيْتُكَ مِنَ الْمَدِينَةِ مَدِينَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيثٍ بَلَغَنِي أَنَّكَ تُحَدِّثُ بِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَمَا جَاءَ بِكَ تِجَارَةٌ قَالَ لَا قَالَ وَلَا جَاءَ بِكَ غَيْرُهُ قَالَ لَا قَالَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَإِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي

223: کثیر بن قیس نے بیان کیا کہ میں حضرت ابودرداءؓ کے پاس دمشق کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا۔ آپؓ کے پاس ایک آدمی آیا اور اُس نے کہا اے ابو درداءؓ! میں آپؓ کے پاس مدینہ —— مدينة الرسول ﷺ —— سے ایک حدیث کے لئے آیا ہوں، جس کے بارہ میں مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ آپؓ اسے نبی ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔ انہوں (حضرت ابودرداءؓ) نے کہا تجھے کوئی تجارت تو نہیں لائی؟ اس آدمی نے کہا نہیں۔ حضرت ابودرداءؓ نے پوچھا کیا تجھے اس (حدیث) کے علاوہ کوئی اور وجہ تو یہاں نہیں لائی؟ اُس نے کہا نہیں۔ انہوں (حضرت ابودرداءؓ) نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، جو کسی راستے پر چلا، علم تلاش کرتے ہوئے اللہ اُس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور یقیناً فرشتے اپنے پروں کو طالب علم پر

223:**اطراف**: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل العلماء والحث على طلب العلم 225، 226، 239

تخريج :**بخارى** كتاب العلم باب العلم قبل القول والعمل ... (ان العلماء هم ورثة الانبياءِ ورثوا العلم من اخذه اخذ بحظ وافر ومن سلک طريقا يطلب به علما سهل الله له طريقا الى الجنة) **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل الاجتماع على تلاوته القرآن..... 4853 **ترمذى** كتاب الحدود باب ما جاء فى الستر على المسلم 1425 ، 1426 كتاب البر والصلة باب ما جاء فى السترة على المسلم 1930 كتاب العلم باب فضل طلب العلم 2646، 2647،2648 باب ما جاء فى فضل الفقه على العبادة 2682 باب ما جاء فى فضل الفقه على العبادة 2682 ، 2685 كتاب القراء ات باب ما جاء انزل القرآن ... 2945 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب في ثواب قراء ة القرآن 1455 كتاب العلم باب الحث على طلب العلم 3641،3643 كتاب العلم باب فى طلب لغير الله تعالىٰ 3664 كتاب الادب باب فى المعونة للمسلم 4946

السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ حَتَّى الْحِيتَانِ فِي الْمَاءِ وَإِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلَى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ إِنَّ الْعُلَمَاءَ هُمْ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوا دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا إِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ

خوش ہوکر بچھا دیتے ہیں اور یقیناً طالب علم کی خاطر وہ جو آسمان اور زمین میں ہیں استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ پانی میں مچھلیاں بھی اور یقیناً ایک عالم کی عابد پر فضیلت ویسی ہی ہے جیسی چاند کی باقی ستاروں پر۔ یقیناً علماء ہی انبیاء کے وارث ہیں۔ یقیناً انبیاء درہم و دینار کے وارث نہیں بناتے بلکہ علم کے وارث بناتے ہیں جس نے یہ (علم) لیا اُس نے بہت بڑا حصہ لیا۔

224: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ شِنْظِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ وَوَاضِعُ الْعِلْمِ عِنْدَ غَيْرِ أَهْلِهِ كَمُقَلِّدِ الْخَنَازِيرِ الْجَوْهَرَ وَاللُّؤْلُؤَ وَالذَّهَبَ

224: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا علم طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور علم کو نااہل کے سامنے پیش کرنے والا سوٴروں کے گلے میں، جواہر، موتی اور سونے کا ہار ڈالنے والے کی طرح ہے۔

225: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

225: حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مسلمان سے دنیا کی تکالیف میں سے کسی تکلیف کو دُور کیا اللہ قیامت کے دن اُس کی تکالیف میں سے ایک تکلیف

225:اطراف: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل العلماء والحث على طلب العلم 223 ، 226 ، 239

تخريج :بخارى كتاب العلم باب العلم قبل القول والعمل ... (ان العلماء هم ورثة الانبياءِ ورثوا العلم من اخذه اخذ بحظ وافر ومن سلک طريقا يطلب به علما سهل الله له طريقا الى الجنة) **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل الاجتماع على تلاوته القرآن..... 4853 **ترمذى** كتاب الحدود باب ما جاء فى الستر على المسلم 1425 ، 1426 كتاب البر والصلة باب ما جاء فى السترة على المسلم 1930 كتاب العلم باب فضل طلب العلم 2646 ، 2647 ، 2648 باب ما جاء فى فضل الفقه على العبادة 2682 باب ما جاء فى فضل الفقه على العبادة 2682 ، 2685 كتاب القراء ات باب ما جاء انزل القرآن ... 2945 **ابوداؤد** كتاب الصلاة باب فى ثواب قراء ة القرآن 1455 كتاب العلم باب الحث على طلب العلم 3641 ، 3643 كتاب العلم باب فى طلب لغير الله تعالىٰ 3664 كتاب الادب باب فى المعونة للمسلم 4946

مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ وَمَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ بِهِ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللَّهِ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَيَتَدَارَسُونَهُ بَيْنَهُمْ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ وَمَنْ أَبْطَأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ

دور کر دے گا۔ جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ اُس کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی کرے گا۔ جو کسی مصیبت زدہ کے لئے آسانی پیدا کرتا ہے اللہ اُس کے لئے دنیا اور آخرت میں آسانی پیدا کر دے گا۔ اللہ اپنے بندے کی مدد میں ہے جب تک کہ وہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے اور جو ایسے راستہ پر چلتا ہے جس کے ذریعہ وہ علم کی تلاش کرتا ہے تو اللہ اُس کے لئے اس کی وجہ سے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور کوئی قوم ایسی نہیں جو اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہوتے ہیں جو اللہ کی کتاب کو پڑھتے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کو پڑھاتے ہیں، مگر فرشتے اُن کو گھیر لیتے ہیں اور سکینت ان پر نازل ہوتی ہے اور رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے۔ اللہ اُن کا ذکر اُن سے کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں اور جس کے عمل نے اسے پیچھے ڈال دیا اُس کا نسب اُسے آگے نہیں بڑھا سکے گا۔

226: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي

226: زرّ بن حُبَیش نے بیان کیا کہ میں حضرت صفوان ؓ بن عسال مرادی کے پاس آیا۔

226:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل العلماء والحث على طلب العلم 223، 225، 239

تخريج :بخاری كتاب العلم باب العلم قبل القول والعمل ... (ان العلماء هم ورثة الانبياءِ ورثوا العلم من اخذه اخذ بحظ وافر ومن سلك طريقا يطلب به علما سهل الله له طريقا الى الجنة) **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل الاجتماع على تلاوته القرآن..... 4853 **ترمذی** كتاب الحدود باب ما جاء في الستر على المسلم 1425، 1426 كتاب البر والصلة باب ما جاء في السترة على المسلم 1930 كتاب العلم باب فضل طلب العلم 2646، 2647، 2648 باب ما جاء فی فضل الفقه على العبادة 2682 باب ما جاء فی فضل الفقه على العبادة 2682، 2685 كتاب القراء ات باب ما جاء انزل القرآن ...2945 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب فی ثواب قراء ة القرآن 1455 كتاب العلم باب الحث على طلب العلم 3641، 3643 كتاب العلم باب فی طلب لغير الله تعالىٰ 3664 كتاب الادب باب فی المعونة للمسلم 4946

النَّجُودِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ قُلْتُ أُنْبِطُ الْعِلْمَ قَالَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ خَارِجٍ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا بِمَا يَصْنَعُ

انہوں نے کہا تم کس لئے آئے ہو؟ میں نے کہا علم کی جستجو کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کوئی نکلنے والا اپنے گھر سے علم کے حصول کے لئے نہیں نکلتا مگر فرشتے اس کے لئے اپنے پر بچھا دیتے ہیں جو وہ کر رہا ہے اس پر خوش ہوتے ہوئے۔

227:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ عَنْ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ جَاءَ مَسْجِدِي هَذَا لَمْ يَأْتِهِ إِلَّا لِخَيْرٍ يَتَعَلَّمُهُ أَوْ يُعَلِّمُهُ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَنْ جَاءَ لِغَيْرِ ذَلِكَ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ يَنْظُرُ إِلَى مَتَاعِ غَيْرِهِ

227: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جو میری اس مسجد میں آیا اور وہ صرف نیکی کے لئے آیا کہ وہ اسے سیکھے یا اسے سکھائے تو وہ اللہ کے راستے میں مجاہد کے مقام پر ہے اور جو اس کے علاوہ کسی اور غرض سے آیا وہ اُس شخص کی طرح ہے جو کسی کے سامان پر نظر رکھے ہوئے ہے۔

228:حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي عَاتِكَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِهَذَا الْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ وَقَبْضُهُ أَنْ يُرْفَعَ وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ الْوُسْطَى وَالَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ هَكَذَا ثُمَّ قَالَ الْعَالِمُ وَالْمُتَعَلِّمُ شَرِيكَانِ فِي الْأَجْرِ وَلَا خَيْرَ فِي سَائِرِ النَّاسِ

228: حضرت ابو اُمامہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اس علم کو حاصل کرو قبل اس کے کہ وہ قبض کر لیا جائے اور اس کا قبض کیا جانا یہ ہے کہ وہ اُٹھا لیا جائے اور آپؐ نے درمیانی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی اس طرح اکٹھی کی۔ پھر حضورؐ نے فرمایا عالم اور متعلم دونوں اجر میں شریک ہیں۔ باقی لوگوں میں کوئی خیر نہیں۔

229: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ بَعْضِ حُجَرِهِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ بِحَلْقَتَيْنِ إِحْدَاهُمَا يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ وَيَدْعُونَ اللَّهَ وَالْأُخْرَى يَتَعَلَّمُونَ وَيُعَلِّمُونَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلٌّ عَلَى خَيْرٍ هَؤُلَاءِ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ وَيَدْعُونَ اللَّهَ فَإِنْ شَاءَ أَعْطَاهُمْ وَإِنْ شَاءَ مَنَعَهُمْ وَهَؤُلَاءِ يَتَعَلَّمُونَ وَإِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا فَجَلَسَ مَعَهُمْ

229: حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ اپنے ایک حجرے سے باہر تشریف لائے اور مسجد میں داخل ہوئے تو آپؐ کے سامنے دو حلقے تھے۔ اُن میں سے ایک (حلقے والے) قرآن پڑھ رہے تھے اور اللہ سے دعا کر رہے تھے اور دوسرے علم حاصل کر رہے تھے اور علم سکھا رہے تھے۔ نبی ﷺ نے فرمایا سب نیک کام کر رہے ہیں۔ یہ لوگ قرآن پڑھ رہے ہیں اور اللہ سے دعا کر رہے ہیں۔ اگر اللہ چاہے تو ان کو دے گا اور اگر چاہے تو ان کو نہ دے گا اور یہ علم سیکھ رہے ہیں اور میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ پس آپؐ ان کے ساتھ بیٹھ گئے۔

18: بَاب: مَنْ بَلَّغَ عِلْمًا

باب: جس نے کوئی علم پہنچایا

230: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ يَحْيَى

230: حضرت زید بن ثابتؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ اُس انسان کو سرسبز و شاداب کرے جس نے میری بات سنی اور وہ آگے

230: اطراف: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من بلغ علما231 ، 232 ، 233 ، 234 ، 235 ، 236

تخريج: بخارى كتاب العلم باب قول النبى ﷺ رب مبلغ اوعى من سامع 67 باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب 105 كتاب الحج باب الخطبة ايام منى 1739 ، 1741 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى سبع ارضين 3197 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4406 كتاب التفسير باب قوله ان عدة الشهور عند الله اثنا عشر شهرا 4662 كتاب الاضاحى باب من قال الاضحى يوم النحر 5550 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لا ترجعوا بعدى كفارا 7078 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وجوه يومئذ ناضرة 7447 **مسلم** كتاب القسامة والمحاربين باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والاموال 3165،3166 **ترمذى** كتاب العلم باب ما جاء فى الحث على تبليغ السماع 2656 ، 2657 ، 2658 **ابوداؤد** كتاب الصلاة من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة 1278 كتاب العلم باب فضل نشر العلم 3660

بْنِ عَبَّادٍ أَبِي هُبَيْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِي فَبَلَّغَهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرِ فَقِيهٍ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ زَادَ فِيهِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلَّهِ وَالنُّصْحُ لِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَلُزُومُ جَمَاعَتِهِمْ

پہنچائی کیونکہ بہت سے سمجھ کی بات لینے والے سمجھ دار نہیں ہوتے اور بہت سے سمجھ کی بات پہنچانے والے اُس کو پہنچانے والے ہوتے ہیں جو اس سے زیادہ سمجھ دار ہوتا ہے۔علی بن محمد نے اس میں کچھ اضافہ کیا ہے ، تین باتیں ایسی ہیں جن میں کسی مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا۔عمل کا خالص اللہ کے لئے کرنا اور مسلمانوں کے ائمہ کی خیر خواہی کرنا اور اُن کی جماعت سے چمٹے رہنا۔

231:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى فَقَالَ نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِي فَبَلَّغَهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرِ فَقِيهٍ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ

231: محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ منٰی کی ایک وادی میں کھڑے ہوئے اور آپؐ نے فرمایا اللہ سرسبز و شاداب رکھے اُس انسان کو جس نے میری بات سنی اور اُس کو آگے پہنچایا۔بہت سے سمجھ کی بات لینے والے خود سمجھ دار نہیں ہوتے اور بہت سے سمجھ کی بات دوسرے تک پہنچانے والے ہیں جو اُن سے زیادہ سمجھ دار ہیں۔

231:اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب من بلغ علما 230، 232 ،233، 234 ،235، 236

تخریج :بخاری كتاب العلم باب قول النبی ﷺ رب مبلغ اوعى من سامع 67 باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب 105 كتاب الحج باب الخطبة ايام منى 1739 ، 1741 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى سبع ارضين 3197 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4406 كتاب التفسير باب قوله ان عدة الشهور عند الله اثنا عشر شهرا 4662 كتاب الاضاحى باب من قال الاضحى يوم النحر 5550 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لا ترجعوا بعدى كفارا 7078 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وجوه يومئذ ناضرة 7447**مسلم** كتاب القسامة والمحاربين باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والاموال 3165،3166 **ترمذی** كتاب العلم باب ما جاء فى الحث على تبليغ السماع 2656 ، 2657، 2658 **ابو داؤد** كتاب الصلاة من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة 1278 كتاب العلم باب فضل نشر العلم 3660

حَدَّثَنَا خَالِي يَعْلَى ح و حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

232: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَحْفَظُ مِنْ سَامِعٍ

232: حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ سرسبز و شاداب رکھے اُس شخص کو جس نے ہم سے حدیث سنی اور اُسے آگے پہنچایا، کیونکہ بہت سے وہ لوگ جنہیں بات پہنچائی جائے سننے والے سے زیادہ یاد رکھنے والے ہیں۔

233: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ أَمْلَاهُ عَلَيْنَا حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ

233: حضرت ابی بکرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قربانی والے دن خطبہ ارشاد

232:اطراف: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من بلغ علما230، 231 ،233، 234 ،235، 236

تخريج :بخارى كتاب العلم باب قول النبى ﷺ رب مبلغ اوعى من سامع 67 باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب 105 كتاب الحج باب الخطبة ايام منى 1739 ، 1741 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى سبع ارضين 3197 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4406 كتاب التفسير باب قوله ان عدة الشهور عند الله اثنا عشر شهرا 4662 كتاب الاضاحى باب من قال الاضحى يوم النحر 5550 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لا ترجعوا بعدى كفارا 7078 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وجوه يومئذ ناضرة 7447**مسلم** كتاب القسامة والمحاربين باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والاموال 3165،3166 **ترمذى** كتاب العلم باب ما جاء فى الحث على تبليغ السماع 2656 ، 2657، 2658 **ابو داؤد** كتاب الصلاة من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة 1278 كتاب العلم باب فضل نشر العلم 3660

233:اطراف: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من بلغ علما230، 231 ،232، 234 ،235، 236

تخريج :بخارى كتاب العلم باب قول النبى ﷺ رب مبلغ اوعى من سامع 67 باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب 105 كتاب الحج باب الخطبة ايام منى 1739 ، 1741 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى سبع ارضين 3197 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4406 كتاب التفسير باب قوله ان عدة الشهور عند الله اثنا عشر شهرا 4662 كتاب الاضاحى باب من قال الاضحى يوم النحر 5550 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لا ترجعوا بعدى كفارا 7078 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وجوه يومئذ ناضرة 7447**مسلم** كتاب القسامة والمحاربين باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والاموال 3165،3166 **ترمذى** كتاب العلم باب ما جاء فى الحث على تبليغ السماع 2656 ، 2657، 2658 **ابو داؤد** كتاب الصلاة من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة1278 كتاب العلم باب فضل نشر العلم 3660

خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ وَعَنْ رَجُلٍ آخَرَ هُوَ أَفْضَلُ فِي نَفْسِي مِنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَ لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَإِنَّهُ رُبَّ مُبَلِّغٍ يُبَلِّغُهُ أَوْعَى لَهُ مِنْ سَامِعٍ

فرمایا آپؐ نے فرمایا جو حاضر ہیں وہ غائب کو پہنچا دیں، کیونکہ بہت سے ایسے ہیں جن تک بات پہنچائی جائے وہ بات سننے والے سے زیادہ یاد رکھنے والے ہیں۔

234:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَنْبَأَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ مُعَاوِيَةَ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا لِيُبَلِّغْ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

234: حضرت معاویہ قشیریؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو! جو حاضر ہے وہ غائب کو بات پہنچا دے۔

235:حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ حَدَّثَنِي قُدَامَةُ بْنُ مُوسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُصَيْنِ التَّمِيمِيِّ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ

235: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں جو حاضر ہے وہ اس کو پہنچا دے جو تم میں غیر حاضر ہے۔

234:**اطراف**: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من بلغ علما 230 ، 231 ، 232 ، 233 ، 235 ، 236

تخريج :**بخارى** كتاب العلم باب قول النبى ﷺ رب مبلغ اوعى من سامع 67 باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب 105 كتاب الحج باب الخطبة ايام منى 1739 ، 1741 كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى سبع ارضين 3197 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4406 كتاب التفسير باب قوله ان عدة الشهور عند الله اثنا عشر شهرا 4662 كتاب الاضاحى باب من قال الاضحى يوم النحر 5550 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لا ترجعوا بعدى كفارا 7078 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وجوه يومئذ ناضرة 7447 **مسلم** كتاب القسامة والمحاربين باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والاموال 3165،3166 **ترمذى** كتاب العلم باب ما جاء فى الحث على تبليغ السماع 2656 ، 2657، 2658 **ابوداؤد** كتاب الصلاة من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة 1278 كتاب العلم باب فضل نشر العلم 3660

235:**اطراف**: **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب من بلغ علما230، 231 ،232، 233 ،234، 236

